ایڈیٹر کے نام مکتوب

گرامی قدر محترم المقام حافظ عبدالحمید عامر صاحب حفظہ اللہ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔ بھکر آپ سے ملاقات ہوئی۔ بہت خوشی ہوئی۔ آپ سے ہمارا دیرینہ رابطہ اور تعلق ہے۔ والد صاحب کا بھی آپ کے والد گرامی حضرت العلام حافظ عبدالغفور جہلمی رحمہ اللہ سے مضبوط تعلق رہا۔ آپ سے بھی جامعہ اسلامیہ میں طالب علمی کے ایام میں تعارف ہوا اور مسلسل رابطہ ہے۔ اللهم زد فزد۔ آمین

آپ کو اللہ تعالیٰ نے حضرت حافظ صاحب مرحوم کے لگائے ہوئے پودوں کی خدمت اور آبیاری کا موقع دیا ہے اور آپ بہت بہتر انداز سے اس ذمہ داری کو نبھا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آسانیاں فرمائے۔ آمین ماہنامہ ''حرمین'' جہلم میں آپ نے میرا مضمون قسط وار شائع فرما کر میری حوصلہ افزائی کی۔ جزاکم اللہ أحسن الجزاء۔ اللہ کرے قارئین سے اس کو فائدہ پہنچا ہو۔ آمین

جنوری فروری 2016 کا شمارہ پیش نظر ہے۔ اس کے صفحہ 5 پر ڈاکٹر صفدر محمود صاحب کی خدمت میں جو باتیں پیش کی گئی ہیں۔ کاش کہ ہمارے مخیّر حضرات ڈنگ ٹپاؤ منصوبوں کے ساتھ ساتھ غربت کو ختم کرنے کیلئے مستقل منصوبوں کا بھی آغاز کریں۔ اس میں ایک واقعہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ کوئی سوالی کسی مخیّر کی خدمت میں حاضر ہوا۔ الخ...... یہ سوالی ایک انصاری صحابی تھے اور مخیّر سیدنا ومولانا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ اس واقعہ کی تفصیل سنن أبی داؤد 1641 سنن نسائی حدیث 4512 اور سنن ابن ماجہ حدیث 2198 میں ملتی ہے۔

اللہ کریم ہم سب کو دین کی زیادہ سے زیادہ خدمت سے نوازے۔ آمین

والسلام

أخوکم فی اللہ

ابوحمزہ سعید مجتبیٰ السعیدی

منکیرہ ضلع بھکر